euaa EUROPEAN UNION AGENCY FOR ASYLUM

MINISTERO DELL'INTERNO

اٹلی

# استقبال کے وقت آپ کے حقوق اور آپ کی ذمہ داریاں



یہ معلومات آپ کے لئے اس صورت میں ہے اگر:

- آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے
- آپ والد یا والدہ یا دونوں والدین کے ساتھ آئے تھے
- آپ اور آپ کے گھر والوں نے حکام کو بتایا ہے کہ آپ لوگ اٹلی میں پناہ (جسے بین الاقوامی تحفظ بھی کہا جاتا ہے) کے لئے درخواست دینا چاہتے ہیں۔


آپ اور آپ کے گھر والے اس ملک میں محفوظ ہیں۔

URDU

یورپ میں، اگر کسی کی عمر 18 سال سے کم ہوتی ہے، تو اسے بچہ سمجھا جاتا ہے، اور اسے **خصوصی معاونت** ملنے کا حق ہوتا ہے۔

## کون آپ کی مدد کر سکتا ہے؟

جب تک آپ اس ملک میں رہ رہے ہیں، کئی پیشہ ورانہ لوگ آپ اور آپ کے گھر والوں کی مدد کر سکتے ہیں، مثال کے طور پر **ایک مترجم** آپ کو ایک ایسی زبان میں بات کرنے میں مدد کریں گے، جسے آپ سمجھ سکتے ہوں۔ ان کا کام آپ کی اور دوسروں کی باتوں کا درست ترجمہ کرنا ہے۔



## آپ کو اور آپ کے گھر والوں کو کیا ملے گا؟

جب تک حکام آپ لوگوں کی پناہ کی درخواست پر کام کر رہے ہیں، اور آپ لوگ ان کا انتظار کر رہے ہیں، آپ لوگوں کو مختلف قسم کی معاونتیں اور سہولیات ملیں گی۔ اسے **استقبال** کہا جاتا ہے۔

آپ بچے بھی ہیں اور پناہ تلاش کرنے والے بھی، اس لئے آپ کے کچھ حقوق ہیں، لیکن ساتھ ہی آپ کو کچھ ذمہ داریاں بھی پوری کرنی ہوں گی۔ اس کتابچے میں ان کے بارے میں بتایا گیا ہے۔

اگر آپ کو اس کتابچے میں کوئی چیز سمجھ نہ آئے یا اگر آپ کچھ سوالات پوچھنا چاہتے ہیں تو عملے اور اپنے والدین سے پوچھیں۔

آپ لوگوں کو اگلے کچھ دنوں میں مزید معلومات ملے گی۔

**آپ لوگوں کے حالات کے مطابق، آپ اور آپ کے گھر والوں کو درج ذیل ملے گا:**



• سونے کے لئے جگه



• کھانا



• ذاتی صحت و صفائی کا سامان



• کپڑے



• ہو سکتا ہے که آپ کے گھر والوں کو روز مرزہ کے خرچ کے لئے پیسے بھی ملیں۔

## صحت کی دیکھ بھال کا حق

**حکام یقینی بنائیں گے کہ آپ کو ضروری صحت کی دیکھ بھال مل رہی ہے۔**

اگر آپ کو کسی نرس یا ڈاکٹر سے طبی چیک اپ کروانے کی ضرورت پڑ سکتی ہے تو عملہ آپ اور آپ کے گھر والوں کو بتا دے گا۔














## اگر آپ کے ساتھ ایسا ہو تو عملے کو بتائیں:


- آپ بیمار ہیں، آپ کو چوٹ لگی ہے، یا آپ کو فوراً طبی امداد کی ضرورت ہے
- آپ کسی معذوری سے دوچار ہیں
- آپ کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے
- آپ کو کسی سے ڈر لگ رہا ہے یا پہلے کسی سے ڈر لگتا تھا
- آپ حاملہ ہیں یا آپ کے حاملہ ہونے کا امکان ہے
- آپ یا آپ گھر والوں کو کسی اور وجہ سے معاونت کی ضرورت ہے۔

اگر آپ اکثر اداس محسوس کرتے ہیں، آپ کو غصہ آتا ہے، ڈر لگتا ہے، پریشانی ہوتی ہے، یا آپ کو سونے میں مشکل ہوتی ہے تو آپ **ماہر نفسیات** سے بات کر سکتے ہیں۔
آپ نرس، ڈاکٹر، ماہر نفسیات اور عملے پر بھروسہ کر سکتے ہیں۔
آپ انہیں جو بھی بتائیں گے، اسے آپ کی اجازت کے بغیر آپ کے والدین کے علاوہ کسی کو نہیں بتایا جائے گا۔ صرف اسی وقت آپ کی بات کسی اور کو بتائی جائے گی اگر آپ کی یا کسی اور کی جان کو خطرہ ہو۔

## تعلیم کا حق

آپ بچے ہیں، اس لئے آپ کو تعلیم حاصل کرنے کا اور سیکھنے کا حق ہے۔ عملہ آپ کو تعلیمی اور تفریحی سرگرمیوں کے بارے میں بتائیں گے تاکہ آپ کو سیکھنے، آگے بڑھنے اور نئے دوست بنانے میں مدد ملے۔





## کام کرنے کا حق





آپ کی عمر اور حالات کے لحاظ سے، اگر آپ چاہیں تو آپ کو کام کرنے کی اجازت مل سکتی ہے۔ عملہ آپ کو اس کے بارے میں زیادہ معلومات دیں گے۔

## آپ اور آپ کے گھر والے کہاں ٹھہریں گے؟



جب تک حکام آپ لوگوں کی پناہ کی درخواست پر کام کر رہے ہیں، اس وقت تک آپ لوگ کہاں رہیں گے، اس کا فیصلہ آپ لوگوں کے حالات کے حساب سے لیا جاتا ہے۔


عملہ آپ لوگوں کو بتائے گا کہ آپ لوگوں کو کہاں رہنا ہوگا۔ **آپ لوگوں کو صرف اسی جگہ پر معاونت اور سہولیات ملیں گی جس کا فیصلہ حکام نے کیا ہوگا**



**بہت کم ایسا ہوگا کہ خاندانوں کو ایسے مرکز میں رکھا جائے گا جہاں وہ اپنی مرضی سے آ اور جا نہیں سکیں گے۔ اگر آپ لوگوں کے ساتھ ایسا ہو رہا ہے تو ایک قانونی مشیر اور عملہ آپ لوگوں کی مدد کریں گے۔**

قانونی مشیر اس شخص کو کہا جاتا ہے جسے اس ملک کے قاعدے معلوم ہیں اور جو آپ لوگوں کے حالات سمجھ کر آپ لوگوں کی مدد کر سکتا ہے۔

**آپ لوگ جہاں بھی ٹھہرے ہوں، آپ کو یہ حقوق حاصل ہیں:**



- **اپنے گھر والوں کے ساتھ رہنے کا حق**



- **اگر آپ کو معلوم نہیں ہے کہ آپ کے گھر والے کہاں ہیں** تو ان سے **رابطہ کرنے اور انہیں ڈھونڈنے** میں مدد۔

**آپ محفوظ رہنے کا حق رکھتے ہیں۔ کسی کو بھی اجازت نہیں ہے کہ وہ:**



آپ کو ڈرائے دھمکائے

آپ کی توہین کرے

آپ کو نقصان پہنچائے

چاہے وہ کوئی بھی ہو، اور چاہے آپ ان کو جانتے ہوں یا نہیں۔

اگر آپ کو اپنے والدین یا عملے کی وجہ سے کوئی پریشانی ہو تو آپ آواز اٹھا سکتے ہیں۔

## استقبال کے وقت آپ اور آپ کے گھر والوں کی کیا ذمہ داریاں ہیں؟

آپ کے لئے سچ بولنا اور حکام کے ساتھ تعاون کرنا بہت ضروری ہے، اس وقت بھی اگر آپ کو ڈر لگے، یا آپ کو اپنی بات کہنا مشکل لگے۔
اگر عملے کو آپ کے حالات کے بارے میں پتا ہوگا تو وہ آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

نیچے کچھ ذمہ داریاں لکھی گئی ہیں جنہیں آپ اور آپ کے گھر والوں کو پورا کرنے کی ضرورت ہے۔

- ✔ آپ لوگ جہاں ٹھہرے ہیں، وہاں کے قواعد پر عمل کریں۔
- ✖ آپ لوگوں کو حکام نے جہاں ٹھہرنے کے لئے کہا ہے، وہاں سے اجازت کے بغیر کہیں بھاگ کر نہ جائیں۔
- ✔ اس ملک کے قوانین پر عمل کریں، جس کے بارے میں عملہ آپ لوگوں کو تفصیل سے سمجھائیں گے۔

## اگر آپ یا آپ کے گھر والے اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کریں گے تو کیا ہوگا؟

اگر ایسا ہو تو آپ لوگ کھل کر عملے سے بات کر سکتے ہیں اور انہیں اپنے حالات سمجھا سکتے ہیں۔
حکام حالات دیکھیں گے، اور اس کے بعد اگر وہ کوئی قدم اٹھانے کا فیصلہ کریں گے، تو وہ آپ کے والدین کو بتائیں گے۔



مثال کے طور پر اگر آپ کے گھر کا کوئی فرد حکام کے ساتھ تعاون نہ کرے تو **ہو سکتا ہے کہ ان کی معاونت کم ہو جائے۔**



اگر آپ کے گھر والوں میں سے کوئی دوسروں پر تشدد کرے، تو **ہو سکتا ہے کہ انہیں جو معاونت مل رہی ہے، وہ ختم ہو جائے۔** ہو سکتا ہے کہ پولیس کو بلایا جائے۔

ان کے ذاتی حالات اور ان کی ضروریات کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا کہ انہیں کس قسم کی معاونتیں ملتی رہیں گی۔

**آپ اور آپ کے گھر والے اب اٹلی میں ہیں جو ایک EU+ ملک ہے۔ EU+ کے ممالک ہیں:**

- یورپی یونین (EU) کی 27 رکن ریاستیں: آسٹریا، اٹلی، ایسٹونیا، بلغاریہ، بیلجیم، پرتگال، پولینڈ، جرمنی، جمہوریہ آئرلینڈ، چیکیا، ڈینمارک، رومانیہ، سپین، سلواکیا، سلوینیا، سویڈن، فرانس، فن لینڈ، قبرص، کروشیا، لکسمبرگ، لیتھوینا، لیٹویا، مالٹا، نیدرلینڈز، ہنگری، یونان، اور
- 4 دیگر ممالک: آئس لینڈ، سوئٹزرلینڈ، لختنشٹائن، اور ناروے۔


## پناہ کے لئے درخواست دینے اور EU+ ممالک جانے سے متعلق قواعد



- ✔ آپ اور آپ کے گھر والوں کو اٹلی میں رہنا ہوگا، اور آپ بھاگ کر کسی دوسرے EU+ ملک نہیں جا سکتے۔
- ✖ اگر آپ لوگ فرار ہو جائیں گے تو کچھ منفی نتیجے سامنے آ سکتے ہیں، جن کے بارے میں بعد میں بتایا جائے گا۔ مثال کے طور پر، آپ لوگوں کو اس دوسرے ملک میں استقبال کی کم مدد ملے گی۔
- ✔ یاد رکھیں، اگر حکام نے آپ کو دوسری ہدایات نہ دی ہوں، تو آپ لوگوں کو اسی EU+ ملک میں پناہ کے لئے اپلائی کرنے اور اپنی درخواست رجسٹر کرنے کی ضرورت ہے جہاں آپ لوگ سب سے پہلے آئے تھے۔
- ✔ ان میں سے صرف ایک ملک آپ کی پناہ کی درخواست کا جائزہ لینے کا ذمہ دار ہے۔ اٹلی کے حکام آپ لوگوں کو بتائیں گے کہ اس کے لئے کونسا ملک ذمہ دار ہوگا۔

آپ کو ان طریقوں کے بارے میں الگ کتابچوں میں بتایا جائے گا۔

## اگر آپ اور آپ کے گھر والے کسی دوسرے +EU ملک فرار ہو جائیں تو کیا ہوگا؟




**اٹلی میں:**

- ہو سکتا ہے کہ آپ لوگوں کے پناہ کے عمل کو روک دیا جائے۔

**دیگر +EU ملک میں:**

- ہو سکتا ہے کہ حکام آپ لوگوں کو اسی ملک واپس بھیجنے کا فیصلہ کریں جہاں سے آپ لوگ بغیر اجازت نکلے تھے۔

جیسے ہی حکام آپ لوگوں کو اس فیصلے کے بارے میں بتائیں، آپ لوگوں کے کچھ حقوق ختم ہو جائیں گے، جیسے کہ:

- آپ لوگوں کو کچھ قسم کی معاونتیں نہیں ملیں گی اور
- آپ لوگوں کو کام کرنے کی اجازت نہیں ملے گی۔

آپ لوگوں کے حالات اور آپ کی ضروریات کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا کہ آپ لوگوں کو کس قسم کی معاونتیں ملتی رہیں گی۔

## اگر آپ لوگ حکام کے فیصلے سے متفق نہ ہوں تو آپ اور آپ کے گھر والوں کی مدد کون کر سکتا ہے؟



آپ لوگ کسی قانونی مشیر سے مدد لے سکتے ہیں۔

عملہ آپ لوگوں کو ان غیرحکومتی اداروں کے بارے میں بھی بتائے گا جو آپ لوگوں کو معلومات دے سکتے ہیں اور آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔




آپ لوگ کسی بھی وقت اقوام متحدہ کی ایجنسی برائے پناہ گزین (UNHCR) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ UNHCR ان لوگوں کو محفوظ رکھتی ہے جن کو اپنا ملک چھوڑنا پڑا ہو۔

### میرے نوٹس

یہ کتابچہ صرف معلوماتی مقاصد کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ اس سے اپنے آپ میں حقوق یا ذمہ داریاں تخلیق نہیں ہوتیں۔ یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ (EUAA) نے اس مواد کا مرکزی حصہ فراہم کیا ہے، اور EUAA نے صرف EU کی رکن ریاستوں کو اس کی نقل بنانے اور اسے تبدیل کرنے کی اجازت دی ہے۔ EUAA، یورپی یونین کی رکن ریاستوں یا کسی بھی ذمہ دار فریقِ ثالث کی طرف سے اس کتابچے میں شامل کی جانے والی معلومات کے درست ہونے، مشمولات، مکمل ہونے، قانونی طور پر درست ہونے، یا معتبر ہونے کے سلسلے میں کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ نہ تو EUAA اور نہ ہی EUAA کی طرف سے اقدام کرنے والا کوئی شخص اس کتابچے میں موجود معلومات کے کسی بھی استعمال کا ذمہ دار ہے۔

© یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ، 2025